# غالب انسٹی ٹیوٹ سرسید اکسی لنس اوارڈ سے سرفراز

اردو کے ممتاز ادارے غالب انسٹی ٹیوٹ کی فعالیت سے سبھی واقف ہیں۔علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے اس ادارے کے فعال کردار کے پیش نظر سرسید ایکسی لنس اوارڈ پیش کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پبلک ریلیشن آفس علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی جانب سے ایک پریس ریلیز میں اعلان کیا گیا کہ ہے کہ بین الاقوامی زمرے میں مشہور مترجم، نقاد اور مصنفہ پروفیسر فرانسس پریچٹ اور قومی زمرے میں ملک کے معروف ادبی وثقافتی ادارے غالب انسٹی ٹیوٹ کو ان کی علمی، ادبی اور ثقافتی خدمات کے اعتراف میں سرسید ایکسی لنس اوارڈ پیش کیا جائے گا۔ یہ اوارڈ بالترتیب دولاکھ اور ایک لاکھ کی رقم پر مبنی ہے، جسے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی سرسید احمد خاں کے یوم ولادت کے موقع پر 27/ اکتوبر کو پیش کیا جائے گا۔سرسید ایکسی لنس اوارڈ علمی، ادبی اور ثقافتی دنیا میں نمایاں کارکردگی کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔سرسید اکیڈمی کے ڈائرکٹر اور جیوری کے کنوینر پروفیسر شافع قدوائی نے کہا کہ غالب انسٹی ٹیوٹ، برصغیر کی سب سے معزز ادبی اور ثقافتی تنظیموں میں سے ایک ہے، اور اس کی سالانہ تقریبات ایوارڈ، بین الاقوامی اور قومی سیمینار، اور اشاعتیں پوری دنیا میں احترام کی نظر سے دیکھی جاتی ہیں۔غالب انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نعیمہ خاتون، سرسید اکیڈمی کے ڈائرکٹر پروفیسر شافع قدوائی اور جیوری کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ایک عظیم دانشگاہ نے غالب انسٹی ٹیوٹ کو اوارڈ سے نوازا ہے اس سے اس ادارے سے وابستہ تمام افراد کو بہت حوصلہ ملا ہے۔میں انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے وائس چانسلر پروفیسر نعیمہ خاتون اور تمام ارباب حل وعقد کا شکرگزار ہوں جنھوں نے اس ادارے کی خدمات کو نظر میں رکھا۔غالب انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ادریس احمد نے کہا کہ یہ اوارڈ غالب انسٹی ٹیوٹ کے ٹرسٹیز کے اعتماد اور یہاں کے اسٹاف ممبران کی محنت کا ثمر ہے۔میں نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ اس ادارے کا علمی اعتبار مجروح نہ ہو۔آئندہ بھی میری کوشش رہے گہ کہ یہ ادارہ اسی طرح ادبی اور ثقافتی میدان میں ناموری کے ساتھ قائم رہے۔

# سبق اردو

جلد: ۹،شمارہ : ۹

website: sabaqeurdu.com

E-mail: sabaqeurdu@gmail.com

ستمبر۲۰۲۴

ایڈیٹر،پرنٹر،پبلشر: محمد سلیم | سرنامۂ سرورق : عادل منصوری | Net Banking:SABAQ -E-URDU( MONTHLY)

موبائل: 9696486386,9919142411 | سرورق : دانش الہٰ آبادی | IFSC BARB 0 GOPI BS A/C28240200000214

فی شمارہ:۲۰۰(دوسو روپئے) | زرتعاون:۱۰۰۰(ایک ہزار روپئے) | Bank of Baroda, Branch: Gopiganj

مطبع:عظیم انڈیا پرنٹنگ پریس،سنت روی داس نگر، بھدوہی | زرسالانہ:۲۴۰۰(چوبیس سو روپئے | Gopiganj-221303,Dist.Bhadohi,UP,INDIA

کسی بھی تحریر سے ادارہ کا متفق ہونا لازمی نہیں ہے۔کسی بھی معاملے کی سنوائی صرف ضلع س۔ر۔ن۔(بھدوہی) ہی کی عدالت میں ہوگی۔ادارہ

چیف ایـــــــــــــڈیـــــــــــــٹـــــــــــــر

دانش الہٰ آبادی

| | | |
|---|---|---|
| ابراہیم یوسف | اُردو میں تراجم اور بھوپال | ۴ |
| پروفیسر جہاں گیر احمد خاں | قاضی عبدالغفار ایک ممتاز نثر نگار | ۸ |
| ڈاکٹر الف ناظم | شفیق الزماں شفیق: ایک باغ و بہار شخصیت | ۱۳ |
| معین الدین عثمانی | افسانہ ان کہی حکایت | ۱۶ |
| نذیر احمد | مولانا حفیظ الرحمٰن اعظمی کے دینی وعلمی مضامین کا ادبی پہلو | ۱۹ |
| عظمٰی یزدانی ناصر یزدانی | اردو ادب میں انشائیہ نگاری کی روایت | ۲۵ |
| محمد حسین وانی | ''علامہ اقبال کا تصورِ عشق و عقل'' | ۳۰ |
| محفوظ احمد پوسوال | حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ بحیثیت جلیل القدر صوفی | ۳۳ |
| ا۔رئیس احمد بابا ۲۔ڈاکٹر عنایت رسول | زکریا تامر کی کہانی ''اللیل" میں سماجی اور سیاسی طنز | ۳۶ |
| مبشر احمد | جموں وکشمیر میں اردو شاعری کا آغاز وارتقا | ۴۰ |
| ڈاکٹر کہکشاں عرفان | افسانہ کفن کا تجزیہ عصری تناظر میں | ۴۳ |
| اختر احمد ملک | جموں وکشمیر میں اُردو فکشن آزادی سے قبل | ۴۷ |

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر آسیہ مصطفیٰ | تعلیم وتربیت کے تناظر میں حبیبؒ اللہ نوشہری کا نظریہ | ۵۳ |
| ڈاکٹر عاشق حسین میر | پیغمبر انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم | ۵۷ |
| مزمل مشتاق وار | کشمیری زبان کا پہلا افسانہ ''ییلہِ پھوٚل گاش'' | ۶۵ |
| ماہ نور حسین | پروین شاکر کی شاعری کا تجزیاتی مطالعہ ,غزلوں کے خصوصی حوالے سے | ۶۷ |
| کلدیپ راج آنند | فاروق راہب کی شخصیت اور افسانہ نگاری | ۷۰ |
| معین الدین عثمانی | روایتی اقدار کی پاسداری کرنے والا شاعر وادیب "مقبول احمد مقبول" | ۷۳ |
| فیضان الرحمٰن | ادبی مضامین کا مجموعہ ''بانگ'' ایک مطالعہ | ۷۶ |
| ڈاکٹر ظہور احمد مخدومی | محسن پروفیسر رفیع الدین ہاشمی | ۷۹ |
| محمد عباس | علی عباس حسینی کے افسانے سماجی کش مکش کے آئینہ دار | ۸۲ |
| نیلوفر حفیظ | ہمای وہمایوں | ۸۹ |
| آفاق احمد | مجلّہ "فکرونظر" کے سابق معاون مدیر محمد صابر کی وفات پر تعزیتی نشست | ۹۷ |